جامعہ الصالحات لتخصص العالمات

عالمات افتاء کورس کا مختصر تعارف درج ذیل ہے۔

یہ عالمات کے لیے آن لائن افتاء کا ایک سالہ کورس ہے جو کہ 4 سمسٹر پر مشتمل ہے۔

ہر سمسٹر تین مہینے کا ہے۔

پہلے دو سمسٹر	آخری دو سمسٹر
• اصول الافتاء وآداب	• آداب فتوی نویسی
• شرح العقود رسم المفتی	• 10 تحقیقی اسائمنٹس بنانا
• الفتاوی الہندیہ	• 50 فتوے حل کرنا
• ردالمحتار یعنی فتاویٔ شامی	• اہم کتابوں کا مطالعہ
• امداد الفتاوی	
• احکام الحیض والنفاس	

اسباق کی ترتیب

- ہفتے میں 5 دن اسباق ہوں گے۔دو دن ہفتہ اتوار چھٹی ہوگی۔
- اسباق کی ریکارڈنگ بھی ہوں گی۔
- روزانہ تین اسباق/گھنٹے پڑھائے جائیں گے۔جس کے لیے کچھ اوقات ادارے کی طرف سے تجویز کیے جائیں گے۔تمام شرکاء کے مشورے سے ہر سبق کے لیے کسی مناسب وقت کی تعیین کی جائے گی۔
- ہر سبق کا دورانیہ 50 منٹ کا ہوگا۔

داخلہ ٹیسٹ

27 جون تک جنہوں نے رجسٹریشن کی ہے۔ ان سے 27 جون بروز جمعرات پاکستان کے وقت کے مطابق 8 بجے شام تحریری داخلہ ٹیسٹ لیا جائے گا جو کہ پچاس نمبر کے معروضی MCQ پرچے پر مشتمل ہوگا جس کے لیے ایک وٹس گروپ بنایا جائے گا۔ پرچہ گروپ میں اپلوڈ کردیا جائے گا۔ مقررہ وقت یعنی ایک گھنٹے بعد جوابی شیٹ کی تصویر دیے گئے نمبر پر وٹس اپ کرنا لازمی ہوگا۔ جبکہ 28 جون کو اسی وقت تقریری امتحان لیا جائے گا۔ تقریری امتحان بھی 50 نمبر کا ہوگا۔

داخلہ ٹیسٹ مندرجہ ذیل مضامین میں سے لیا جائے گا:

- تفسیر
- حدیث
- علم فقہ
- اصول فقہ
- صرف و نحو

30 جون کو نتیجے اور داخلے میں کامیاب عالمات کے ناموں کا اعلان کیا جائے گا۔